12.04.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں.....................

Music

------------------------------

☆ جموں و کشمیر کے کشتواڑ علاقے میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں تین دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ اُدھر اَکھنور سیکٹر میں فوج نے LOC سے متصل علاقے میں دہشت گردوں کی دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بنا دیا۔

☆ چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلعے میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں تین ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت سرکار نے شیواجی مہاراج کے نصب العین پر چلتے ہوئے پوری دنیا کیلئے بھارت کو روشنی کی کرن بنانے کا تہیہ کررکھا ہے۔

☆ آج ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی جوش و خروش کے ساتھ ہنومان جینتی منائی جارہی ہے۔

☆ امریکہ نے تمام غیرملکی باشندوں کو حکم دیا ہے کہ وہ غیرملکیوں سے متعلق قانون کے تحت 30 دن کے اندر اندر خود کا اندراج کرائیں ، ورنہ انہیں گرفتار کیا جاسکتا ہے اور ملک سے نکالا بھی جاسکتا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں، آج تیسرے پہر لکھنؤ میں، لکھنؤ سُپر جائنٹس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔

---------------------------------

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**J&K-Encounter**

جموں و کشمیر کے کشتواڑ ضلعے کے چِترو جنگلاتی علاقے میں جاری ایک جھڑپ میں 3 دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ جائے واقعہ سے بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولی بارود برآمد ہوا ہے۔ سیکورٹی فورسز نے جنگلاتی علاقے چِترو میں دہشت گردوں کی مشتبہ نقل و حرکت کا پتہ لگایا، جس کے بعد بدھ کو یہ جھڑپ شروع ہوئی۔ ابتدائی طور پر رابطے میں آنے کے بعد دہشت گرد بچ نکلنے میں کامیاب ہو گئے۔ البتہ کل دہشت گرد دوبارہ رابطے میں آئے، جس کے بعد دونوں طرف سے زبردست گولہ باری کی گئی۔ سیکورٹی ایجنسیوں نے نگرانی کا دائرہ ڈوڈہ ضلعے کے بھدروا علاقے تک وسیع کر دیا ہے، تاکہ جموں خطّے کے پہاڑی ضلعوں میں مختلف مقامات کے درمیان دہشت گردوں کی نقل و حرکت پر نظر رکھی جا سکے۔ علاقے میں کارروائی اب بھی جاری ہے۔

**J&K-Akhnoor Encounter**

جموں وکشمیر میں کل رات Keri Bhattal علاقے کے اخنور سیکٹر میں لائن آف کنٹرول کے قریب فوج نے مسلح دہشت

گردوں کے ایک گروپ کی طرف سے دراندازی کی کوشش کو ناکام بنادیا۔ فوج کا کہنا ہے کہ اُسے دہشت گردوں کی نقل وحرکت کا پتہ چلا تھا، جس کے بعد فوج اور دہشت گردوں کے درمیان زبردست جھڑپ ہوئی۔ اِس جھڑپ میں اخنور میں فوج کے ایک جونیئر کمیشنڈ افسر نے اپنی جان گنوادی۔ اس واقعہ کے بعد علاقے میں فوج تعینات ہے اور تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔اِس سے دو دن پہلے بھارت اور پاکستان کے درمیان سرحد کے بندوبست سے متعلق معاملات پر بات چیت کے لیے پونچھ ضلعے میں ایک میٹنگ ہوئی تھی۔

## Chattisgarh-Maoists Killed

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں حفاظتی دستوں اور ماؤنوازوں کے درمیان ہوئی ایک مڈبھیڑ میں تین ماؤنواز مارے گئے۔ CRPF کی کوبرا بٹالین ، ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ اور خصوصی ٹاسک فورس کی ایک مشترکہ ٹیم کے ذریعہ Indravati جنگلاتی علاقے میں ایک نکسل مخالف مہم چلائی گئی۔ اِس مہم کے دوران آج صبح حفاظتی دستوں اور ماؤنوازوں کے درمیان ایک مڈبھیڑ ہوئی۔ حفاظتی دستوں نے مڈبھیڑ کے دوران ہلاک ہوئے تینوں ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی ہیں۔ علاقے میں تلاشی مہم ابھی جاری ہے۔

## Amit Shah-Maha

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی زیرِ قیادت مرکزی سرکار پورے خلوص کے ساتھ شیواجی مہاراج کے نصب العین اور اصولوں پر عمل پیرا ہے اور وہ بھارت کو پوری دنیا کیلئے روشنی کی ایک کرن بنانے کیلئے انتھک کام کررہی ہے۔ انہوں نے یہ بات آج مہاراشٹر میں رائے گڑھ قلعہ میں چھترپتی شیوا جی مہاراج کی 345 ویں برسی کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہی۔ وزیر داخلہ نے یہ بھی کہا کہ مرکزی سرکار اور مہاراشٹر سرکار دونوں نے رائے گڑھ قلعے کو ملک کے نوجوانوں کیلئے فیضان کا ذریعہ بنانے کا تہیہ کررکھا ہے۔

## Hanuman Jayanti

آج ملک کے مختلف حصوں میں ہنومان جینتی پورے مذہبی اور جوش وخروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ یہ دن بھگوان ہنومان کے یوم پیدائش کے طور پر منایا جاتا ہے۔ قومی راجدھانی میں عقیدت مند صبح سے ہی ہنومان مندروں میں پوجا ارچنا کررہے ہیں۔ نئی دلّی کے کناٹ پلیس علاقے میں واقع پراچین ہنومان مندر میں عقیدتمندوں کی بھاری بھیڑ ہے۔ اس موقع پر مندروں میں ہنومان چالیسا، سندر کانڈ اور اکھنڈ رامائن کا پاٹھ کیا جارہا ہے۔اترپردیش میں، ریاست بھر کے تمام ہنومان مندروں میں عقیدت مند بڑی تعداد میں جمع ہوئے ہیں۔ اس موقع پر ایودھیا کے ہنومان گڑھی مندر میں لوگوں کی لمبی قطاریں دیکھی جارہی ہیں۔ مختلف مقامات پر بھنڈارا بھوج کا بھی انعقاد کیا جارہا ہے۔اترپردیش میں بڑی تعداد میں عقیدتمند ہنومان جینتی کے موقع پر ہنومان مندروں میں پوجا اَرچنا کررہے ہیں۔ اس موقع پر ایودھیا کے ہنومان گڑھی مندر میں عقیدتمندوں کی لمبی لمبی قطاریں لگی ہوئی ہیں۔ وہ منتروں کا جاپ کررہے ہیں اور ہنومان جی کا آشیرواد لے رہے ہیں۔ بہت سے عقیدتمندوں نے سریو ندی میں مقدس اشنان کیا اور رام مندر بھی درشن کیلئے گئے۔ اُدھر وارانسی میں Sankat Mochan Hanuman مندر میں پوجا اور درشنوں کیلئے لوگ کثیر تعداد میں موجود ہیں۔ عقیدتمند ہنومان جی کا آشیرواد لے رہے ہیں اور سُندر کانڈ اور ہنومان چالیسا پڑھ رہے ہیں۔ ایودھیا اور وارانسی میں عقیدتمندوں کی خوش اسلوبی سے درشنوں کیلئے سکیورٹی کا وسیع بندوبست کیا گیا ہے۔

**PM-Hanuman Jayanti**

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام کو ہنومان جینتی کی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، وزیر اعظم نے کہا کہ سنکٹ موچن بھگوان ہنومان کے آشیرواد سے ملک کے سبھی لوگ صحت مند اور خوشحال رہیں۔

**Haj-Preparations Visit**

اقلیتی امور کی وزارت کے سکریٹری، ڈاکٹر چندر شیکھر کمار، حج 2025 کے لیے کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے سعودی عرب کے دورے پر ہیں۔ انہوں نے حاجیوں کے لیے وہاں رہنے کی صاف ستھری اور آرام دہ سہولیات کی یقینی فراہمی کے سلسلے میں اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، اقلیتی امور کی وزارت نے کہا کہ بھارتی حکومت حج 2025 کے دوران حاجیوں کو ہر طرح کے آرام سے لیس سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑے گی۔

**Telangana-Treeman**

تلنگانہ میں Tree Man کے نام سے مقبول پدم شری D.Ramaiah کا آج صبح تلنگانہ کے Khammam ضلعے میں ان کے آبائی گاؤں Reddy Palli میں انتقال ہوگیا۔ انہیں دِل کا دورہ پڑنے کے بعد فوری طور پر Khammam سرکاری اسپتال میں داخل کرایا گیا، جہاں علاج کے دوران، ان کی موت ہوگئی۔ وہ کچھ عرصے سے علیل تھے۔ Ramaiah کو ماحولیات کے تحفظ کے سلسلے میں ان کی قابل قدر خدمات کیلئے سال 2017 میں پدم شری انعام سے نوازا گیا تھا۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی میں ایک کروڑ سے زیادہ پودے لگائے اور درختوں کی اہمیت کے سلسلے میں بیداری پھیلانے کیلئے وہ بے حد پُرعزم تھے۔ حال ہی میں تلنگانہ حکومت نے نئے طلباء کو تحریک دینے کیلئے ان کی زندگی پر مبنی ایک کہانی چھٹی جماعت کے نصاب میں شامل کی ہے۔

**US-Alian Act**

امریکہ میں وہائٹ ہاؤس نے اعلان کیا ہے کہ ملک میں 30 دن سے زیادہ رہنے والے تمام غیرملکی شہریوں کو وفاقی حکومت کے پاس خود کا اندراج کرانا ہوگا۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں اُن پر جرمانہ ، قید اور ملک بدر کئے جانے سمیت دوسری کارروائی کی جاسکتی ہے۔ نئے ضابطے کے مطابق غیرملکیوں کو ، جن میں قانونی دستاویزات اور ویزا رکھنے والے غیرملکی باشندے بھی شامل ہیں، سبھی کو ہر وقت اپنے پاس اندراج کا ثبوت رکھنا ہوگا۔ امورِ داخلہ کے محکمے نے وضاحت کی ہے کہ اِس مہینے کی 11 تاریخ کے بعد امریکہ میں داخل ہونے والے افراد کو 30 دن کے اندر اندر خود کا اندراج کرانا ہوگا۔ 14 سال کی عمر کے ہونے والے بچوں کو دوبارہ اندراج کرانا ہوگا، چاہے انہوں نے پہلے کسی بھی طرح کا اندراج کرایا ہو۔

**IPL-Cricket**

آج IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں دو میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ آج لکھنؤ میں سہ پہر ساڑھے تین بجے لکھنؤ سُپر جائنٹس اور گجرات ٹائٹنس کے ساتھ کھیلا جائے گا اور دوسرے میچ میں شام ساڑھے سات بجے حیدرآباد میں پنجاب کنگس اور سن رائزرس حیدرآباد آمنے سامنے ہوں گے۔حیدرآباد اب تک محض ایک میچ جیت پایا ہے اور وہ اِس وقت سب سے نچلے مقام پر ہے۔ پنجاب کنگس چھ پوائنٹس کے ساتھ پانچویں مقام پر ہے۔کل رات چنئی میں کھیلے گئے میچ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے چنئی

سُپر کنگس کو 8 وکٹ سے ہرایا۔ جیت کے لیے مقررہ 104 رن کے ہدف کو کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے صرف 10 اوورس اور ایک گیند میں حاصل کر لیا۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے CSK نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 103 رن بنائے تھے۔ کولکاتہ کی طرف سے سنیل نارائن نے 18 گیند میں 44 رن بنائے اور تین وکٹ بھی حاصل کیے لہٰذا انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔